نیو یارک شہر پبلک اسکولوں کے لیے رہنمائی ایک نظر میں

ستمبر 2016

خوش آمدید

اسکول واپسی

بنیادی حقائق

نیاسکولی سال شروع کرنا ایک ولولہ انگیز وقت ہے۔ ذیل میں اس وقت کے دوران آپکے عام ترین سوالات کے جواب دینے کے لیے ایک رہنمائی ہے۔

کہاں سے آغاز کریں:

1. اپنے اسکول کے والدین ربط دہندہ سے بات کریں۔ اپنے والدین ربط دہندہ کی رابطہ معلومات تلاش کرنے کے لیے اپنے اسکول کو فون کریں یا انکی ویب سائٹ پر جائیں۔

2. اچیو این وائی سی، آپکا 2016-2017 نیویارک شہر پبلک اسکولوں کا رہنما کتابچہ کی ایک کاپی حاصل کریں۔ اپنے اسکول سے اپنی ترجیحی زبان میں ایک کاپی کی درخواست کریں۔

3. محکمئہ تعلیم کی ویب سائٹ schools.nyc.gov پر جائیں یا اہم خدمات کے بارے میں معلومات کے لیے ذیل ملاحظہ کریں۔

اندراج

آپ اپنے زون اسکول میں الیمنٹری اور مڈل اسکول میں رجسٹر ہو سکتے ہیں۔ اپنے زون اسکول کو تلاش کرنے کے لیے، schools.nyc.gov پر اسکول تلاش کریں کا ذریعہ استعمال کریں یا 311 کو فون کریں۔

اب سے لے کر 18 ستمبر تک، ہائی اسکول کے وہ طلبا جن کو رجسٹر کروانے کی ضرورت ہے ان کے لیے ایک اسکول واپسی رجسٹریشن مرکز میں جانا لازمی ہے۔ 18 ستمبر کے بعد، وہ ایک خاندانی استقبالیہ مرکز میں رجسٹر کرواسکتے ہیں۔

بلحاظ گریڈ یا پروگرام مکمل معلومات کے لیے اور مطلوبہ دستاویزات کے بارے میں جاننے کے لیے، schools.nyc.gov/ChoicesEnrollment پر انتخابات اور اندراج صفحے پر جائیں یا 718-935-3500 پر فون کریں۔

اسکول کے کھانے

تمام طلبا اسکول میں لذیذ اور غذائیت بخش ناشتہ اور دوپہر کا کھانا حاصل کر سکتے ہیں۔ تمام طلبا کے لیے ناشتا مفت ہے، اور DOE کے تقریباً 80% طلبا مفت لنچ کے لیے اہل ہیں۔

مفت لنچ کا اہل ہونے کے لیے، اہل خانہ کو ایک کاغذی یا آن لائن اسکول کے کھانے کی درخواست مکمل کرنا لازمی ہے۔ اپنے اسکول سے ایک کاغذی درخواست کی گزارش کریں یا nyc.applyforlunch.com پر ایک ان لائن درخواست مکمل کریں۔

ہر روز لنچ میں کیا دستیاب ہے اس کے بارے میں ذیل پر جانیں .schoolfoodnyc.org

ذرائع نقل و حمل

شہر کے طلبا یا تو پیلی بس کی خدمات (جہاں دستیاب ہو) یا نصف کرائے /مکمل کرائے کے میٹرو کارڈ کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔ اہلیت کی بنیاد طالب علم کے گریڈ کی سطح اور گھر اور اسکول کے درمیان سفر کرنے کے فاصلے پر ہوتی ہے۔

خاص ضروریات کے حامل طلبا پیلی بس کی خدمات موصول کر سکتے ہیں اگر ان کے انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) میں بس کے ذریعے نقل و حمل کی خدمات کا تقاضا کیا گیا ہے۔

مزید معلومات کے اپنے اسکول کے لیے نقل و حمل کے ربط دہندہ سے رابطہ کریں، 718-392-8855 پر فون کریں یا schools.nyc.gov/Offices/Transportation پر جائیں۔

schools.nyc.gov/BacktoSchool

NYC Department of Education
Chancellor Carmen Fariña

schools.nyc.gov

/nycschools or /nycschools

اسکول واپسی

بنیادی حقائق

اگر آپ کو اپنے بچے کے اسکول کے بارے میں کوئی تشویش ہے تو:

ذیل سے آغاز کریں

استاد ← والدین ربطدہندہ ← پرنسپل یا نائب پرنسپل ← خاندانی معاونتی رابطہ کار ← مہتمم

خاص تعلیم

زیادہ تر صورتوں میں، IEPs کے حامل طلبا انہی اسکولوں میں جاسکتے ہیں جن میں وہ ایک انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) نہ ہونے کی حالت میں جاتے۔ جس حد تک ممکن ہو، IEP کے حامل طلبا کو معذوری نہ رکھنے والے طلبا کے ساتھ تعلیم دی جاتی ہے اور ان کو یہی اسباق سکھائے جاتے ہیں۔ خاص تعلیم کے بارے میں مزید معلومات کے لیے اپنے بچے کے استاد، پرنسپل، مشیر یا والدین ربط دہندہ سے بات کریں یا schools.nyc.gov/SpecialEducation پر جائیں۔

ترجمہ اور ترجمانی کی خدمات

ہم آپ کی زبان بولتے ہیں! اسکول خاندانوں کو مفت ترجمانی اور ترجمے کی خدمات فراہم کرسکتے ہیں۔ اگر آپکو اپنی زبان میں مدد کی ضرورت ہے تو اپنے والدین ربط دہندہ، لسانی رسائی ربط کار یا پرنسپل سے پوچھیں۔ لسانی خدمات کے بارے میں سوالات یا تبصرات کے لیے، **718-935-2013** پر رابطہ کریں یاschools.nyc.gov/Offices/Translationپر جائیں۔ اشاروں کی زبان کی ترجمانی کی خدمات کے لیے، اپنے اسکول کے والدین ربط دہندہ سے رابطہ کریں یا **212-802-1500** ایکسٹینشن 7181 پر فون کریں۔

انگریزی زبان کے متعلمین

انگریزی زبان کے متعلمین کے خاندان تین پروگراموں میں سے ایک منتخب کرسکتے ہیں: دوہری زبان، عبوری دولسانی تعلیم اور انگریزی بحیثیت نئی زبان۔ مزید معلومات کے لیے schools.nyc.gov/Academics/ELL/FamilyResources پر جائیں **212-323-9559** پر فون کریں یا ELLFamilies@schools.nyc.govای میل بھیجیں۔

طبی خدمات

اسکول خاص صحتیاتی ضروریات کے حامل طلبا کو نگہداشت، خدمات اور سہولیات فراہم کرسکتے ہیں بشمول اسکول میں دوا لینے کے۔ اگر آپکے بچے کو خاص خدمات درکار ہیں، آپکو ایک صحت کا فارم مکمل کرنا ہوگا جو آپکے اسکول میں یا schools.nyc.gov/Offices/Health/SchoolHealthForms پر دستیاب ہے۔

اسکول میں قائم ذہنی صحت کے پروگرامز پانچوں برو میں نیویارک شہر اسکولوں کو تعلیمی حصولیابی میں حائل رکاوٹوں کو ختم کرنے کے لیے خدمات فراہم کرتے ہیں۔ تمام خدمات نجی اور خفیہ رکھی جاتی ہیں۔ مزید معلومات کے لیے ذیل پر جائیں schools.nyc.gov/Offices/Health/SBHC/MentalHealth

اپنے بچے کی پیش رفت پر نظر رکھنا

اپنے بچے کی تعلیمی پیش رفت کے بارے میں معلومات کے لیے MyStudent.nyc پر نیویارک شہر اسکول اکاونٹ کے لیے رجسٹر کریں۔ اگر آپکو اپنا اکاونٹ استعمال کرنے میں مدد چاہیے تو اپنے بچے کے اسکول، اپنے مہتمم سے رابطہ کریں یا **311** کو فون کریں۔

خاندانی معاونت

خاندانی معاونتی ربط کاران (FSCs) ان اہل خانہ کے لیے رابطہ افراد ہیں جو ان مسائل اور تشویشات کو حل کرنا چاہتے ہیں جنہیں ان کے بچوں کے اسکول میں حل نہیں کیا جا سکتا ہے۔ اپنے FCS کو ذیل پر تلاش کریں schools.nyc.gov/AboutUs/schools/superintendents.

اسکول کیلنڈر

آپکے لیے اسکولی سال کی اہم تواریخ کو کا ذریعہ schools.nyc.gov/Calendar ہے۔

مزید معلومات کے لیے

- شہر کے اسکولوں کے بارے میں تازہ ترین معلومات کے لیے، schools.nyc.gov پر جائیں۔
- آپ schools.nyc.gov/Subscribe پر سائن اپ کر کے باقاعدہ ای میل انتباہ موصول کرسکتے ہیں۔
- اگر آپکے اسکول کے متعلق مزید سوالات ہیں تو 311 سے رابطہ کریں۔

اپنے اسکول میں اچیو این وائی سی کی ایک کاپی حاصل کریں

NYC Department of Education
Chancellor Carmen Fariña